DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کے چوتھے راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

راولپنڈی،18نومبر 2020 :

شالیمار گراؤنڈ اسلام آباد میں جاری میچ کے پہلے روز محمد فیضان ظفر اور محمد عمار کی نصف سنچریوں کی بدولت سدرن پنجاب کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں خیبر پختونخوا کے خلاف 214 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ محمد فیضان ظفر 82 اور محمد عمار 51 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ کے پی کے ذیشان احمد نے 3 جبکہ احمد خان نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں خیبر پختونخوا نے اپنی پہلی اننگز میں 3 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 8 رنز بنالیے ہیں۔ معاذ صداقت اور حسیب خان 4،4 کے انفرادی اسکور سے میچ کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری میچ کے پہلے روز 62 اوورز کا کھیل ممکن ہوسکا۔ بلوچستان نے سنٹرل پنجاب کے خلاف پہلے کھیلتے ہوئے اپنی پہلی اننگز میں 62 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنالیے ہیں۔ حسیب اللہ 88 اور محمد ایاز 19 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔ سنٹرل پنجاب کے ارحم نواب نے تین وکٹیں حاصل کیں۔

ایوب پارک راولپنڈی میں جاری میچ میں دفاعی چیمپئن سندھ کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 82.1 اوورز میں 298 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ حسن جعفری 105 اور رضوان محمود 71 رنز بناکر سب سے نمایاں بیٹسمین رہے۔ ناردرن کے مہران ممتاز اور مبصر خان 3،3 وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*
- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*
- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*
- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*
- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*
- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*